© rasailojaraid.com

**دعوتِ فکر** | از محمد منشا تابش قصوری۔ ناشر: مکتبہ اشرفیہ، مرید کے (شیخوپورہ)

قیمت: ۱۲/- روپے۔

اوّل تو یہ تعریف کرتا ہوں کہ بریلوی مکتبِ فکر کی اس کتاب کا انداز بیان اُس طرح کا مناظرانہ نہیں ہے جیسا عام طور پر ان حلقوں میں پایا جاتا ہے، لیکن مخالفین کے لیے خوبصورت پیرائیہ بیان کے باوجود کہیں کہیں وہ مخاصمت جھلک پڑتی ہے جس سے اتحاد بین المسلمین کا نازک جذبہ بے نیا کشیدہ ہو جاتا ہے۔ دراصل بڑے سائز کی یہ مختصر کتاب ایک فریق (بریلویوں) کا مرتب کردہ کیس ہے۔ دوسرے فریق (دیوبندیوں) کے خلاف۔ دوسرے فریق کی طرف سے اس کا جواب ہمارے سامنے نہیں ہے کہ حتمی فیصلہ کیا جا سکے۔ ہم دونوں کو ملتِ اسلامیہ کا جزو سمجھتے ہیں۔ اور ہر اختلاف کو کھینچ تان کر وجہ تکفیر قرار نہیں دیتے۔ دونوں طرف فکری لحاظ سے کیا کیا افراط و تفریط پائی جاتی ہے۔ اس سے قطع نظر آج جو تماشا بادشاہی مسجد میں دکھایا گیا ہے وہ ایسی کتابوں کو بے معنی بنا دیتا ہے۔ پہلے محکمہ اوقاف کی ڈائرکٹری سے ڈاکٹر یوسف گورایہ صاحب کو ہٹوایا۔ پھر اب اُن کی مکمل برطرفی ہوئی جبکہ ان کے کیے ہوئے علمی و دیگر کاموں کے لیے صوبے سے مرکز تک تحسین موجود رہی ہے، پھر اب مولانا عبدالقادر آزاد کو دھکیل کر محکمہ اوقاف کی سربراہی اور بادشاہی مسجد کی امامت حاصل کرنے کا پروگرام ایسی چیزیں ہیں کہ ان کے بعد اتحاد بین المسلمین کے لیے آپ جتنی بھی دعوتِ فکر دیں، عملی اقدامات قوم کو افتراق کی طرف لے جانے والے ہیں۔ حالانکہ اس وقت اصل توجہ الحاد، شریعت دشمنی، مغرب پرستی، اشتراکیت پسندی اور سیاسی و معاشی بگاڑ پر سب کو مل کر صرف کرنی چاہیے۔ سبب جذبۂ اتحاد حقیقت میں غالب آجائے گا تو دونوں طرف کے حضرات اخوت کے احساس کے تحت اپنی اپنی تحریروں اور اپنے اپنے شعائر پر غور و فکر کر کے ان کی اصلاح کر لیں گے۔

---

**اسبابِ زوالِ اُمت** | از چوہدری رحمت علی۔ ناشر: عمران پبلیکیشنز۔ دار الرحمت، ۲ منیر شہید روڈ، اچھرہ۔ لاہور۔ ص ۱۶ قیمت: ۵۰ء۳۔

مسلمانوں کے قرنِ اولیٰ [illegible] کہ کبھی نہ کبھی ہر سوچنے والے کے دل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر آج کے مسلمان زوال سے کیوں دوچار ہیں۔ اس موضوع پر بہت سے لوگوں نے لکھا ہے۔ اس مختصر کتاب میں چوہدری رحمت علی نے صحیح تجزیہ کر کے بتایا ہے کہ ہمیں کن خرابیوں اور بداعمالیوں نے پست کر دیا ہے۔

---

**ایک درویش، ایک مجاہد** | از نذیر احمد خان سابق لیکچرر۔ بہ اہتمام: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ ناشر: مکتبہ المنار۔ منصورہ۔ لاہور ۱۸۔ سفید کاغذ، خوبصورت سرورق۔ قیمت: درج نہیں۔

اس کتاب میں چوہدری بہادل خان ناگرہ کی سوانح اور ان کے مطالعۂ کردار پر مشتمل ہے، اس میں چوہدری صاحب کے اخلاق کے خاص خاص پہلو سامنے لائے گئے ہیں۔ میری گواہی بھی یہی ہے کہ یہ مرحوم بزرگ ہمہ تن خلوص، دیانت، محنت، خدمت اور پابندئ نظم کے خوگر تھے۔ تبلیغ، ملازمت، محکمہ تعلیم کی افسری اور رجسٹرار بیٹا ٹرمنٹ کے بعد تمام اداروں میں ان کا کردار بے داغ رہا۔ مرحوم نے اہم متعدد دینی پمفلٹ بھی لکھے۔ یہ پمفلٹ ایسے تمام لوگوں کو پڑھنا چاہئیں جو زندگی کو سنوارنا چاہتے ہوں۔

---

**سیرت تابعین** | مؤلف: ڈاکٹر عبدالرحمٰن رأفت پاشا۔ مترجم (عربی سے اردو) محمد نصراللہ خان خازن۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی۔ لاہور۔ تقسیم کنندہ: المنار بک سنٹر، منصورہ، لاہور ۱۸۔ صفحات: ۱۵۸۔ رنگین دبیز سرورق۔ قیمت درج نہیں۔

نہایت مفید کتاب ہے۔ اس میں اکابر تابعین میں سے ۱۲ اصحاب کے احوال پیش کیے گئے ہیں۔ یہ صرف چند رجال خاص کے احوال ہی نہیں ہیں، بلکہ اس دور کے دینی مزاج اور تہذیبی ماحول اور اخلاقی قدروں کا ایک نقشہ بھی سامنے آجاتا ہے۔ یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ اہلِ مال و جاہ کے مقابلے میں اہلِ علم اور اہلِ کردار کی قدر و قیمت کتنی زیادہ تھی۔

---

© rasailojaraid.com